روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
جمعرات 27 مارچ 2008ء 18 ربیع الاول 1429 ہجری 27 امان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 70

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن شریف پر تدبر کرو اس میں سب کچھ ہے۔ نیکیوں اور بدیوں کی تفصیل ہے۔ اور آئندہ زمانے کی خبریں ہیں وغیرہ۔ بخوبی سمجھ لو کہ یہ وہ مذہب پیش کرتا ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں ہوسکتا کیونکہ اس کے برکات اور ثمرات تازہ بہ تازہ ملتے ہیں۔ انجیل میں مذہب کو کامل طور پر بیان نہیں کیا گیا۔ اس کی تعلیم اس زمانے کے حسب حال ہوتو ہو، لیکن وہ ہمیشہ اور ہر حالت کے موافق ہرگز نہیں۔ یہ فخر قرآن مجید ہی کو ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں ہر مرض کا علاج بتایا ہے اور تمام قویٰ کی تربیت فرمائی ہے۔ اور جو بدی ظاہر کی ہے اس کے دور کرنے کا طریق بھی بتایا ہے۔ اس لئے قرآن مجید کی تلاوت کرتے رہو اور دعا کرتے رہو اور اپنے چال چلن کو اس کی تعلیم کے ماتحت رکھنے کی کوشش کرو۔

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 102)

قرآن شریف کو پڑھو اور خدا سے کبھی ناامید نہ ہو۔ مومن خدا سے کبھی مایوس نہیں ہوتا۔ یہ کافروں کی عادت میں داخل ہے کہ وہ خدا تعالیٰ سے مایوس ہوجاتے ہیں۔ ہمارا خدا علی کل شی قدیر خدا ہے۔ قرآن شریف کا ترجمہ بھی پڑھو اور نمازوں کو سنوار سنوار کر پڑھو اور اس کا مطلب بھی سمجھو۔ اپنی زبان میں بھی دعائیں کرلو۔ قرآن شریف کو ایک معمولی کتاب سمجھ کر نہ پڑھو بلکہ اس کو خدا تعالیٰ کا کلام سمجھ کر پڑھو۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 191)

قرآن شریف اپنی روحانی خاصیت اور اپنی ذاتی روشنی سے اپنے سچے پیرو کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ اور اس کے دل کو منور کرتا ہے اور پھر بڑے بڑے نشان دکھلا کر خدا سے ایسے تعلقات مستحکم بخش دیتا ہے کہ وہ ایسی تلوار سے بھی ٹوٹ نہیں سکتے جو ٹکڑا ٹکڑا کرنا چاہتی ہے۔ وہ دل کی آنکھ کھولتا ہے اور گناہ کے گندے چشمہ کو بند کرتا ہے۔ اور خدا کے لذیذ مکالمہ مخاطبہ سے شرف بخشتا ہے اور علوم غیب عطا فرماتا ہے اور دعا قبول کرنے پر اپنے کلام سے اطلاع دیتا ہے۔

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 308)

میں بار بار کہتا ہوں اور بلند آواز سے کہتا ہوں کہ قرآن اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سچی محبت رکھنا اور سچی تابعداری اختیار کرنا انسان کو صاحب کرامات بنا دیتا ہے۔

(ضمیمہ انجام آتھم۔ روحانی خزائن جلد 11 صفحہ 345)

نماز اور سورۃ فاتحہ

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ جس نے نماز پڑھی مگر اس میں ام القرآن یعنی سورۃ فاتحہ نہیں پڑھی تو اس کی نماز ناقص رہی۔ ابوہریرہؓ سے کہا گیا کہ ہم امام کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہوتے ہیں تو انہوں نے کہا دل میں پڑھ لیا کرو۔

(صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ باب وجوب قراءۃ الفاتحہ حدیث نمبر:598)

خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ خلافت جوبلی کی کامیابی کیلئے احباب جماعت کو نوافل روزوں اور دعاؤں کا پروگرام دیا ہوا ہے۔ احباب سے گزارش ہے کہ اس پروگرام کو پابندی سے جاری رکھیں اور ایک دوسرے کو بھی تلقین کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ خلافت کے بابرکت سایہ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

یوم تحریک جدید

امراء و صدر صاحبان جماعت احمدیہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ سال رواں کا پہلا ''یوم تحریک جدید'' 11۔اپریل 2008ء بروز جمعۃ المبارک منانے کا اہتمام فرمائیں جس میں مطالبات تحریک جدید پر خصوصی توجہ دلائی جائے اور اس کی رپورٹ سے وکالت دیوان کو مطلع فرمائیں۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

عطیہ برائے گندم

ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات بمد گندم کھاتہ نمبر 200-4550/3 معرفت افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم)

ریڈیو گرافر کی ضرورت

فضل عمر ہسپتال میں شعبہ ریڈیالوجی میں ریڈیو گرافر کی ضرورت ہے۔ ایسے احباب جو ریڈیو گرافر کے ڈپلومہ ہولڈر ہوں اپنی درخواستیں صدر صاحب محلہ / امیر صاحب جماعت کی سفارش سے بنام ایڈمنسٹریٹر جلد روانہ کریں۔ اس کام میں تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب جنرل سیکرٹری AMA

عہدیداران احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان

مکرم ڈاکٹر محمد مسعود الحسن نوری صاحب صدر احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان نے مندرجہ ذیل احباب کو میڈیکل ایسوسی ایشن کے لوکل چیپٹرز (Chapters) کا عہدیدار مقرر کیا ہے۔ ڈاکٹر صاحبان اور میڈیکل پروفیشن سے تعلق رکھنے والے احباب سے درخواست ہے کہ وہ اپنے اپنے چیپٹر کے عہدیداران سے رابطہ قائم فرمالیں۔

پشاور: مکرم ڈاکٹر حامد احمد صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر عدنان ودود خان صاحب (سیکرٹری)
ہزارہ: مکرم ڈاکٹر محمد اسلم جہانگیری صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر وقار سعید صاحب (سیکرٹری)
بہاولنگر: مکرم ڈاکٹر شیخ رضوان کریم الدین صاحب (صدر)
بہاولپور: مکرم ڈاکٹر مبارک احمد صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر طاہر محمود منہاس صاحب (سیکرٹری)
چکوال: مکرم ڈاکٹر محمود کچلو صاحب (صدر)
ڈیرہ غازی خان: مکرم ڈاکٹر ایس اے اختر صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر اخوند شکیل احمد غلزئی صاحب (سیکرٹری)
فیصل آباد: مکرم ڈاکٹر قدرت اللہ چوہدری صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر محمد جاوید اقبال صاحب (سیکرٹری)
گوجرانوالہ: مکرم ڈاکٹر محمد اکرم صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر محبوب میر صاحب (سیکرٹری)
گجرات: مکرم ڈاکٹر نصیر احمد مرزا صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر فاتح الدین صاحب (سیکرٹری)
حیدرآباد: مکرم ڈاکٹر عدنان مقصود صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر عاطف جاوید بھٹی صاحب (سیکرٹری)
اسلام آباد: مکرم ڈاکٹر عبدالباری صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر محمد اسماعیل ورک صاحب (سیکرٹری)
جھنگ: مکرم ڈاکٹر جاوید اختر صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر شفقت رحمان صاحب (سیکرٹری)
جہلم: مکرم ڈاکٹر نادر جلال صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر مبشر احمد مرزا صاحب (سیکرٹری)
کراچی: مکرم ڈاکٹر سید محسن احمد صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر مبرور احمد بھٹی صاحب (سیکرٹری)
خیرپور: مکرم ڈاکٹر ظہیر الدین بٹ صاحب (صدر)
کوٹلی: مکرم ڈاکٹر منور احمد صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر محمد جمیل الدین احمد صاحب (سیکرٹری)
لاہور: مکرم ڈاکٹر قاضی منور احمد صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر عامر بشیر صاحب (سیکرٹری)
لودھراں: مکرم ڈاکٹر وسیم احمد صاحب (صدر)
میانوالی: مکرم ڈاکٹر مقبول مبارک صاحب (صدر)
میرپور خاص: مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر راشد احمد منہاج صاحب (سیکرٹری)
ملتان: مکرم ڈاکٹر کرنل محمد زاہد صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر قاضی طاہر اسماعیل صاحب (سیکرٹری)
مظفرآباد: مکرم ڈاکٹر نصیر احمد شیخ صاحب (صدر)
مظفرگڑھ: مکرم ڈاکٹر محمد عثمان مبارک صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر محمود احمد صاحب (سیکرٹری)
نارووال: مکرم ڈاکٹر عرفان اللہ خاں صاحب (صدر)
نواب شاہ: مکرم ڈاکٹر شفقت علی گل صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر راشد احمد صاحب (سیکرٹری)
اوکاڑہ: مکرم ڈاکٹر عامر محمود صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر محمد عبدالسلام صاحب (سیکرٹری)
کوئٹہ: مکرم ڈاکٹر محمد اسلم شاہ صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر شاہد محمود خان صاحب (سیکرٹری)
ربوہ: مکرم ڈاکٹر منیر احمد خان صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر مرزا سلطان احمد صاحب (سیکرٹری)
رحیم یارخان: مکرم ڈاکٹر ظفر اقبال شاہد صاحب (صدر)
راولپنڈی: مکرم ڈاکٹر فاروق احمد صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر عطاء العلیم خالد گورایہ صاحب (سیکرٹری)
ساہیوال: مکرم ڈاکٹر محمد داؤد احمد صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر منیر احمد صاحب (سیکرٹری)
سانگھڑ: مکرم ڈاکٹر اظہر اقبال صاحب (صدر)
سرگودھا: مکرم ڈاکٹر شیخ محمد محمود صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر اعجاز احمد قریشی صاحب (سیکرٹری)
سیالکوٹ: مکرم ڈاکٹر عثمان جی صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر میجر محمد اسلم صاحب (سیکرٹری)
وہاڑی: مکرم ڈاکٹر نصیر احمد منصور صاحب (صدر)
مکرم ڈاکٹر مجیب الرحمٰن شفیق صاحب (سیکرٹری)

درخواست دعا

مکرم سلطان محمد صاحب کارکن خلافت لائبریری ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بڑے بھائی مکرم نصیر محمد صاحب کارکن دفتر آڈٹ صدر انجمن احمدیہ گزشتہ ایک ہفتہ سے جسم پر پیپز چھالے نکلنے کی وجہ سے شدید تکلیف میں ہیں دایاں ہاتھ، بازو، سینہ اور کمر زیادہ متاثر ہیں۔

اسی طرح خاکسار کی پھوپھی جان محترمہ رحمت بی بی صاحبہ اہلیہ مکرم ملک احمد دین صاحب آف لودھراں عرصہ دو ماہ سے مختلف عوارض کی وجہ سے بیمار ہیں آجکل صحت زیادہ کمزور ہے اور فضل عمر ہسپتال کے زنانہ میڈیکل وارڈ میں داخل ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے دونوں کو شفائے کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

الفضل کی توسیع اشاعت میں ہمارے ساتھ تعاون کریں۔ (مینیجر الفضل)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم صاحبزادہ مرزا عمر احمد صاحب نائب صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خدا تعالیٰ نے دسمبر 2007ء میں خاکسار کی بیٹی مکرمہ ڈاکٹر امۃ الجمیل فریحہ صاحبہ اہلیہ مکرم ڈاکٹر قمر حماد احمد خان صاحب کو اپنے فضل سے دوسری بیٹی سے نوازا ہے۔ نومولودہ اپنی بڑی بہن کی طرح واقفہ نو ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے از راہ شفقت بچی کو شکیبہ نام عطا فرمایا ہے۔ بچی خاکسار کی بہن مکرمہ امۃ الحیٰ خان صاحبہ اہلیہ مکرم ڈاکٹر حامد اللہ خان صاحب کی پوتی ہے۔ احباب سے بچی کیلئے نیک نصیب اور صالحہ ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

ملازمت کے مواقع

ہائیر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد کو پروگرام کوآرڈینیٹر' پراجیکٹ مینیجر' اسسٹنٹ اکاؤنٹ مینیجر' اکاؤنٹنٹ' آفس سیکرٹری' ریسرچ ایسوسی ایٹ' پراجیکٹ اسسٹنٹ' آفس اسسٹنٹ' ڈیٹا انٹری آپریٹر' اٹینڈنٹ' ڈرائیور اور نائب قاصد درکار ہیں۔ درخواستیں 10 اپریل 2008ء تک بنام اسسٹنٹ ڈائریکٹر ہائیر ایجوکیشن کمیشن H/9 اسلام آباد بھجوائی جاسکتی ہیں۔

سٹیٹ بینک آف پاکستان کو فنانس آفیسرز درکار ہیں۔ درخواستیں 7۔اپریل 2008ء تک بنام جائنٹ ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز ڈیپارٹمنٹ سٹیٹ بینک آف پاکستان آئی آئی چندریگر روڈ کراچی 74000 بھجوائی جاسکتی ہیں۔

ناسکم کنسٹرکشن پرائیویٹ لمیٹڈ کو ریجنل مینیجرز' ایریا مینیجرز' کوالٹی ایشورنس مینیجرز' بزنس ایگزیکٹوز' ٹیلی کام انجینئرز' کوالٹی سروئیرز کے علاوہ دیگر پڑھے لکھے نوجوان درکار ہیں۔ درخواستیں 31 مارچ 2008ء تک C-5/1 اویس چیمبرز' فرسٹ فلور سکندر ملہی روڈ گلبرگ II لاہور بھجوائی جاسکتی ہیں۔

منسٹری آف انفارمیشن ٹیکنالوجی الیکٹرونکس گورنمنٹ ڈائریکٹوریٹ میں مختلف آسامیاں خالی ہیں۔ تفصیل کیلئے ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔
www.e-government.gov.pk

نوٹ۔ تمام اشتہارات کی تفصیلات کیلئے 23 مارچ 2008ء کا اخبار ڈان ملاحظہ فرمائیں۔

لاہور میں ایک کنسٹرکشن کمپنی میں جیالوجسٹ سول انجینئر (ڈپلومہ ہولڈرز) سروئیر لیب ٹیکنیشن' ڈرلر راور گر آپریٹر' لوڈر را یکساویٹر آپریٹر' وہیکل ڈرائیور' سٹور کیپر اکاؤنٹس' سیکیورٹی گارڈز (آرمی ریٹائرڈ) رابطہ کیلئے
ivcclhr@ivcclhr.com
wasimahmad79@yahoo.co
یا 17/18KM فیروزپور روڈ لاہور بھجوائی جاسکتی ہیں
رابطہ کیلئے مکرم مرزا وسیم احمد ڈپٹی مینیجر ایڈمن اینڈ پی آر اعوان مارکیٹ لاہور فون 4-042-5811571 فیکس 042-5810164:
موبائل: 0333-4387432
(نظارت صنعت وتجارت)

نصرت جہاں انٹر کالج کے اعزازات

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے تحت ہونے والے سالانہ انٹر کالجیٹ سپورٹس مقابلہ جات انٹر ڈسٹرکٹ سکولز سپورٹس مقابلہ جات کی تقسیم انعامات کی پروقار تقریب مورخہ 12 مارچ 2008ء گورنمنٹ ڈگری کالج سمن آباد فیصل آباد میں منعقد ہوئی اس تقریب کے مہمان خصوصی مکرم ڈاکٹر شوکت علی صاحب ڈی۔پی۔آئی کالجز پنجاب تھے۔ جبکہ تعلیمی بورڈ فیصل آباد کی حدود میں شامل کالجوں کے پرنسپل صاحبان ڈائریکٹرز سپورٹس' سکولوں کے ہیڈ ماسٹر صاحبان' اہل علم و دانشور اور طلباء کی کثیر تعداد شامل تھی۔ مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں پرائیویٹ تعلیمی اداروں کی سپورٹس کے میدان میں کارکردگی کو سراہا اور دوسرے اداروں کے ساتھ ساتھ نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ کی بھی تعریف کی۔ نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ کی طرف سے طلباء کے ساتھ مکرم ہود احمد ملک D.P.E اور مکرم عبدالصمد قریشی صاحب نے شرکت کی اور درج ذیل ٹرافیاں وصول کیں۔

1۔انٹر ڈسٹرکٹ سکولز ٹینس چیمپئن شپ 08-2007 اول
2۔انٹر کالجیٹ سکواش چیمپئن شپ 08-2007 دوئم
3۔انٹر کالجیٹ سوئمنگ چیمپئن شپ 08-2007 دوئم
4۔انٹر کالجیٹ ٹینس چیمپئن شپ 08-2007 سوئم

احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ادارے کو ترقیات عطا فرمائے اور ادارے کے طلباء کو ہر میدان میں محض اپنے فضل سے اعلیٰ کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین
(پرنسپل نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ)

بازیافتہ دوپٹہ

ایک دوپٹہ دارالصدر سے ملا ہے جس کا ہو رابطہ کرے۔
محمد زاہد دفتر الفضل 6213029,03333976467

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود

حضرت قاری غلام مجتبیٰ صاحب چینی۔ گجرات

سرزمین گجرات بوجہ قیمتی گوہر پیدا کرنے کے تاریخ احمدیت میں ایک ممتاز مقام رکھتی ہے، اس کے پیدا کردہ قابل رشک وجودوں میں ضلع گجرات کے ایک گاؤں اسلام گڑھ سے تعلق رکھنے والے تین بھائیوں کو بھی خدا تعالیٰ نے قبول احمدیت کی توفیق بخشی اور حضرت اقدس مسیح موعود کے رفقاء کی جماعت میں شامل ہونے کا شرف بخشا اور ان بھائیوں نے اپنے تقویٰ وطہارت، بلند اخلاق اور دینی خدمات کی وجہ سے ہمیشہ یاد رکھا جانے والا ذکر چھوڑا۔ یہ تین بھائی تھے:۔

1۔ حضرت قاری غلام حُم صاحب (وفات 6 ستمبر 1941ء قادیان)

2۔ حضرت قاری غلام یٰسین صاحب (وفات 22 جولائی 1940ء قادیان)

3۔ حضرت قاری غلام مجتبیٰ صاحب (وفات 24 اکتوبر 1962ء ربوہ)

مضمون ھذا میں سب سے چھوٹے بھائی حضرت قاری غلام مجتبیٰ صاحب کے حالات پیش ہیں۔

حضرت قاری غلام مجتبیٰ صاحب تقریباً 1870ء میں موضع رسولپور تحصیل کھاریاں ضلع گجرات میں پیدا ہوئے، آپ کے والد کا نام میاں محمد بخش صاحب تھا جو فقہی تھے اور جب سورج اور چاند کو گرہن لگا تو انھوں نے فرمایا کہ مہدی پیدا ہوگیا ہے، اسی طرح حضرت قاری صاحب کی والدہ ماجدہ بھی ولی اللہ عورت تھیں درود شریف کا بہت ورد کیا کرتی تھیں، بچوں کو بھی درود شریف پڑھنے کی تاکید کرتیں۔ حضرت قاری صاحب نے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ہانگ کانگ میں ملازمت اختیار کی آپ ہانگ کانگ میں سپرنٹنڈنٹ جیل رہے یہیں ساری زندگی ملازمت اختیار کی جہاں سے ریٹائر ہوکر آپ نے قادیان میں سکونت اختیار کی۔

آپ فرماتے ہیں کہ بچپن میں ہی میری والدہ درودِ تاج پڑھنے کی تاکید کرتیں اور درود تاج کی چلہ کشی بھی کی، مجھے بھی متعدد مرتبہ زیارت خواب میں مختلف پیرایوں میں ہوئی۔......

(رجسٹر روایات رفقاء نمبر 7 صفحہ 117)

احمدیت سے تعارف

آپ ہانگ کانگ میں تھے جب آپ کو حضرت اقدس مسیح موعود کے دعاوی کا علم ہوا، سلسلہ احمدیہ سے تعارف کا ذکر کرتے ہوئے آپ فرماتے ہیں:

میں نے سنا تو بچپن ہی میں تھا کہ ایک شخص نے مہدویت کا دعویٰ کیا ہے مگر جب میں ملازم ہوکر ہانگ کانگ گیا تو وہاں مجھے 1899ء میں حضرت مسیح موعود کی کتاب ازالہ اوہام ملی، میں نے اسے پڑھا میرے ساتھ ایک اور شخص بھی شریک تھا ہم دونوں پڑھتے اور غور کرتے اور یہ کہتے تھے کہ اس شخص نے بہت بڑا دعویٰ کیا ہے پھر 1901ء میں مجھے درثمین کا ایڈیشن ملا اس میں اردو اور فارسی نظمیں ملی جلی تھیں اس میں حضرت مسیح موعود نے ایک دعا مانگی ہے جب ہم نے اس دعا کے ان الفاظ کو پڑھا

آتش فشاں بر در و دیوار من
دشمنم باش و تباہ کن کار من

تو میں کہتا تھا کہ اگر یہ سچا ہے تو زہے قسمت اور اگر یہ جھوٹا ہے تو اس نے جھوٹ میں بھی کمال کر دیا ہے۔

ایک دن کا ذکر ہے کہ میرے ایک دوست نے جو کہ کھانے میں میرے ساتھ شریک تھے جھینگا مچھلی پکائی، فقہ کی رو سے میں جھینگے کو حرام سمجھتا تھا اس لیے میں نے اپنے ساتھی سے ناراض ہوکر اپنے حصہ کی کھانے کی قیمت وصول کرلی اور اسے کہا کہ تم نے ہمارے کھانے کے برتن ناپاک کر دیے ہیں، جھگڑا بڑھتے بڑھتے جامع مسجد ہانگ کانگ کے امام کے پاس گیا وہ پٹھان مولوی تھا اس نے مولوی عبدالحی صاحب دہلوی کی ایک کتاب فتاویٰ مجھے دکھائی اور کہا کہ اس میں دیکھ لو، اس میں مختلف اقوال تھے کسی نے اسے حرام لکھا تھا اور کسی نے حلال، کوئی مکروہ تنزیہی کہتا تھا اور کوئی مکروہ تحریمی، تب میں نے اس مولوی سے مخاطب ہوکر کہا کہ ہمیں تو ایک ایسے شخص کی ضرورت ہے جو اس کو حرام یا حلال بتائے۔ اس پر اس مولوی نے ایک قصیدہ نکالا جس میں نعمت اللہ ولی کی پیشگوئی تھی اس کو پڑھ کر ہم نے یہ نتیجہ نکالا کہ عنقریب امام مہدی کا ظہور ہونے والا ہے۔ ایک دو سال کے بعد۔ اس وقت سے میں اور میرا ساتھی دونوں عقلی بحثیں کیا کرتے تھے اور چونکہ ہم ازالہ اوہام پڑھ چکے تھے اس لیے میں تو حضرت مرزا صاحب کا طرف دار ہوجایا کرتا تھا اسی دوران میں میرے ایک بھائی کی چٹھی مجھے ملی کہ حضرت امام مہدی اور مسیح موعود پیدا ہوگئے ہیں اور ہم نے ان کی بیعت کرلی ہے۔

اس کے جواب میں میں نے اپنے بھائی کو لکھا کہ آپ نے تو پہلے ایک پیر کی بیعت کی ہوئی تھی اس کو چھوڑ کر انھیں کس طرح مان لیا؟ تو میرے بھائی نے جواب میں لکھا کہ پہلے کچھ نہیں جانتے اُن کے پاس کچھ نہیں، یہی ایک شخص ہے.....

1906ء میں میں رخصت لے کر لاہور آیا اس وقت میرے دونوں بھائی قاری غلام یٰسین اور قاری غلام حُم صاحب احمدی ہوچکے تھے اُنھوں نے ظاہراً تو مجھے دعوت الی اللہ نہ کی مگر اشارۃً اور کنایۃً دعوت الی اللہ کرتے رہتے تھے مثلاً کبھی کسی شخص کو سامنے بٹھا لیتے اور قرآن شریف پڑھنے لگ جاتے اور اس طرح سے (دعوت الی اللہ) کرتے میں نے ان کے پاس دو روز قیام کیا مگر میں اپنی نماز الگ پڑھتا رہا۔ دو روز کے بعد میں اور قاری غلام یٰسین صاحب اپنے گاؤں اسلام گڑھ ضلع گجرات کو گئے راستے میں میں اپنے بھائی سے سوال کرتا تھا وہ مجھے جواب دے دیتے تھے مجھے اس وقت حق کی پیاس تھی اس لیے اگرچہ ان کا جواب بعض وجوہ سے مجھے غلط معلوم ہوتا تھا لیکن کسی ایک وجہ سے صحیح بھی معلوم ہوتا تھا تو میں اس کو مان لیتا۔

گاؤں پہنچ کر میں نے اپنا مکان بنوانا شروع کیا بھائی نے مجھے کتاب انجام آتھم دی میں اسے پڑھتا رہا جب میں اس مقام پر پہنچا جہاں پر حضرت صاحب نے دیگر علماء کو مباہلہ کو چیلنج دیا ہے تو میرے دل میں بڑی رقت پیدا ہوئی میں نے اپنے بھائی سے کہا کہ چلو قادیان چل کر حضرت مرزا صاحب کو دیکھیں ہم دونوں بھائی وہاں سے چل کر لاہور پہنچے، لاہور سے دوسرے بھائی صاحب کو ساتھ لے کر ہم سب قادیان آئے اس وقت بیت مبارک ایک چھوٹی سی کوٹھری کی شکل میں ہوتی تھی ہم (بیت) مبارک میں بیٹھ گئے اور حضور کا انتظار کرنے لگے جو کہ نماز کے لیے تشریف لانے والے تھے....

الغرض حضرت مسیح موعود جس وقت تشریف لاکر حجرے میں داخل ہوئے چونکہ سب لوگ کھڑے ہوگئے تھے میں اس وقت دیکھ نہ سکا لیکن جب سب لوگ بیٹھ گئے تو میں نے اس کمرے میں جس میں سے حضرت مسیح موعود تشریف لائے نور کو دیکھا پھر لوگ حجرے کے اندر چلے گئے اور عرض کی کہ حضور بیعت کرنی ہے حضور نے میرے بھائی قاری غلام حُم کو پہچان لیا اور اس وقت میری بھی بیعت لی، بیعت کے بعد مجھے فرمایا کہ چین کے حالات سناؤ میں نے حالات سنائے جو مجھے یاد نہیں رہے کہ کیا سُنائے تھے۔

بیعت کے وقت حضرت مسیح موعود اور میں تھا مگر وہ نور اپنی اس حالت میں دکھائی دیا جس حالت میں میں نے کشف یا خواب میں دیکھا تھا تین دن تک ہمارا قیام رہا اس کے بعد میں نے اجازت چاہی حضور (بیت) میں تشریف لے آئے تقریباً پندرہ منٹ تشریف فرما رہے ہوں گے اس عرصہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول بھی آکر ایک کونے میں بیٹھ گئے تھے۔

حضرت خلیفہ اول نے حضرت مسیح موعود سے اجازت چاہی اگر اجازت ہوتو میں بھی ان سے چین کے متعلق چند باتیں دریافت کروں جب حضرت مسیح موعود اندر تشریف لے گئے حضرت خلیفہ اول نے مجھ سے پوچھا کہ چینی زبان میں خدا کو کیا کہتے ہیں؟ آسمان کو کیا کہتے ہیں اور پانی کو کیا کہتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اس کے بعد ہم اجازت لے کر چلے آئے مکان پہنچ کر معاً میں نے ایک خط لکھا جو میری قلبی کیفیت کا اظہار کرتا تھا کہ حضور مجھے معلوم نہیں میں کیوں یہاں آگیا ہوں حضور کو دیکھنے کی تڑپ ہمیشہ دل میں موجزن رہتی ہے۔ (الحکم 21/28 دسمبر 1934ء صفحہ 9,10)

بشارات رحمانیہ جلد اول صفحہ 175 مرتبہ عبدالرحمٰن مبشر صاحب میں بھی آپ کے قبول احمدیت کا ذکر ہے۔

مخالفت کا سامنا

بیعت کے بعد جب آپ واپس ہانگ کانگ گئے تو دعوت الی اللہ میں اپنے آپ کو مصروف رکھنا شروع کیا اور مسیح موعود کے پیغام کو کثرت سے پھیلایا جس کے نتیجے میں آپ کو مخالفت کا سامنا کرنا پڑا لیکن آپ بڑی ہمت اور استقلال کے ساتھ مبارز بن کر کھڑے رہے اور لوگوں کو حضرت مسیح موعود کے الہام اِنِّی مُھِیْنٌ مَنْ اَرَادَ اِھَانَتَکَ کا پیغام سنا کر مخالفت سے باز رہنے کی تاکید کرتے رہے جب مقابل سے کوئی مثبت جواب نہیں ملا تو لوگوں نے حضور کے اس الہام کو پورا ہوتے دیکھ لیا، حضرت قاری صاحب فرماتے ہیں:

جب مَیں 1906ء میں ہانگ کانگ واپس چلا گیا تو میں نے وہاں جاکر انگریزی اخباروں میں یہ بات شائع کردی اور تمام پبلک کو بھی اس سے مطلع کردیا...... خدا کی قدرت میرے خلاف فتویٰ دیا گیا تھا کہ اس کے ساتھ کھانا پینا حرام ہے......اس وقت میں نے کہا کہ سن لو اور کان کھول کر سن لو کہ حضرت مرزا صاحب کا یہ الہام ہے اِنِّی مُھِیْنٌ مَنْ اَرَادَ اِھَانَتَکَ اور میں تم کو بار بار سنا چکا ہوں کہ جو مرزا صاحب کی ہتک کرے گا خدا اس کی ہتک کرے گا۔

چونکہ یہ واقعہ صرف ہانگ کانگ میں ہوا تھا اس لیے اس زمانہ یعنی 1906ء میں صرف ہانگ کانگ ہی کے سمندروں میں زلزلہ آیا ہزاروں آدمی مرگئے اور جہاز جو ہانگ کانگ کے سمندروں میں تھے ان میں سے کوئی بھی نہ بچا۔ حضور کے یہ الہامات بھی سن چکا تھا کہ کوئی مصنوعی خدا تمھیں نہیں بچا سکے گا۔ یورپین لوگ کہتے تھے کہ ہمارے سٹاف میں صرف یہ ہی سچا آدمی ہے۔

(الحکم 21/28 دسمبر 1934ء صفحہ 10)

ایک اور واقعہ بیان کرتے ہوئے حضرت قاری صاحب فرماتے ہیں:۔

ایک سپاہی میرے پاس نماز کا ترجمہ سیکھنے آیا کرتا تھا جسے میں سلسلہ کی باتیں بھی سنایا کرتا تھا اس پر اس کے محکمہ کے سارجنٹ میجر نے جو ضلع جہلم کا باشندہ تھا اسے بہت سے سپاہیوں کے روبرو بہت سخت سست کہا اور یہاں تک زور دیا کہ اگر تم پھر اس سے ملو گے اور احمدیوں کی کتب دیکھو گے تو تم کو بارہ پتھر سے باہر کرا دوں گا ساتھ ہی اس سارجنٹ نے حضرت مسیح موعود کی شان میں بھی ناشائستہ الفاظ کہے، اس پر سپاہی مذکور نے میرے پاس آنا چھوڑ دیا مگر خدا تعالیٰ نے اس سارجنٹ کو چند ہی دن کے بعد دیوانہ کر دیا اس وجہ سے کچھ عرصہ تو بند مکان میں رکھا گیا کسی قدر حالت درست ہونے پر جب اُسے باہر نکالا گیا اور اس پر فالج گرا تو میں اس کے پاس گیا میں نے تو اس کی نازک

حالت دیکھ کر وہ واقعہ اسے یاد دلایا لیکن وہ خود ہی اسے بیان کر کے کہنے لگا کہ اس وجہ سے میری یہ حالت ہوئی ہے آپ میرے لیے دعا کرو کہ خدا تعالیٰ معاف کر دے، آخر اسے اُسی حالت میں تین آدمی ساتھ بھیج کر گھر پہنچایا گیا جہاں جا کر مرا۔

اس کے بعد جو سارجنٹ میجر ہوا میں نے اس کو یہ نشان بتلا کر کہا کہ میرا ارادہ ہے کہ آپ کے محکمہ کے لوگوں کے سامنے ایک لیکچر دوں اس نے خوشی سے اجازت دے دی اور میں نے دل کھول کر (دعوت الی اللہ) کی۔ (الفضل یکم مئی 1917ء صفحہ 1)

اخبار الفضل نے آپ کی ان دعوت الی اللہ کی مساعی کو سراہتے ہوئے لکھا: ''ہم اپنے مکرم بھائی کو اس دینی خدمت کے کرنے پر مبارکباد کہتے ہوئے دعا کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ آپ کو اس کام کے لیے بیش از بیش توفیق دے آج کل آپ ایک معزز سیٹھ صاحب کو (دعوت الی اللہ) کر رہے ہیں احباب دعا کریں کہ خدا تعالیٰ انھیں حق کی سمجھ دے۔''

(الفضل یکم مئی 1917ء صفحہ 1,2)

حصول دین کی رغبت

آپ نے فطرتاً نیک طبیعت پائی تھی اور پھر حضرت مسیح پاک کی پاکیزہ صحبت میں آکر آپ کی یہ پاکیزہ فطرت اور بھی چمک اٹھی، ہانگ کانگ جیسے دور دراز علاقے میں رہ کر بھی مرکز احمدیت سے رابطہ تھا تا الٰہی انوار کی تازہ ہوائیں آپ کے وجود کو بھی سرسبز رکھ سکیں، جب بھی رخصت پر پنجاب آتے تو اپنے آبائی گاؤں کے علاوہ قادیان میں بھی لمبا عرصہ قیام کرتے۔ 1913ء میں دینی فوائد کے حصول کے لیے قادیان میں آکر دربار خلافت سے مستفید ہوتے رہے، اسی عرصہ میں حضرت چودھری فتح محمد صاحب سیال بطور (مبشر) انگلستان روانہ ہوئے حضرت قاری صاحب بھی ان کی معیت میں ہانگ کانگ کے لیے روانہ ہوئے، اخبار بدر نے روانگی کی خبر دیتے ہوئے لکھا:

''اخویم چودھری فتح محمد خان صاحب ایم اے گذشتہ ہفتہ کے دن لندن روانہ ہو گئے ہیں....

بابو غلام مجتبیٰ صاحب بھی چودھری صاحب کے ساتھ ہی ہانگ کانگ چائنا کو اپنی ملازمت پر واپس ہو گئے ہیں، سلسلہ احمدیہ کے بڑے مخلص ممبر ہیں وہاں سے رخصت لے کر یہاں دینی فوائد کے حصول کے لیے تشریف لائے ہوئے تھے ہر دو صاحبان کی طیاری روانگی پر حضرت خلیفۃ المسیح نے خطبہ جمعہ میں محبت بھرے جوش سے دعا فرمائی اور جملہ احباب کو دعا کرنے کی تاکید فرمائی''۔

(بدر 3 جولائی 1913ء صفحہ 2 کالم 1)

آپ کے بمعہ اہل بیت بخیریت ہانگ کانگ پہنچنے کی خبر بدر 4/11 ستمبر 1913ء صفحہ 4 کالم 2 پر درج ہے۔ خلافت اولیٰ میں جب صدر انجمن قادیان کی شاخ ہانگ کانگ میں بنی تو حضرت قاری صاحب اس کے سیکرٹری مقرر ہوئے۔

دنیا کے دیگر علاقوں میں جماعت کی بڑھتی ہوئی روزافزوں ترقی کو دیکھ کر آپ نے ہانگ کانگ میں بھی دعوت الی اللہ کے کام کو تیز کرنے کا سوچا اس کے تقاضوں کے مطابق آپ نے ایک کام یہ کیا کہ اپنے بچوں کو چینی زبان سکھانی شروع کی تا کہ وہ چین میں دعوت الی اللہ کر سکیں نیز مرکز سلسلہ سے ایک مربی بھجوانے کی درخواست بھی کی چنانچہ اخبار الفضل آپ کی ان کاوشوں کے متعلق لکھتا ہے:

ہانگ کانگ۔ اخویم غلام مجتبیٰ خاں صاحب سیکرٹری انجمن احمدیہ ہانگ کانگ نے پچھلے دنوں درخواست کی تھی کہ ایک (مربی) اُن کی انجمن کے خرچ پر اُن کے ہاں بھیجا جاوے، حضرت اقدس نے ہانگ کانگ میں مشنری کا تقرر جنگ کے بعد کیے جانے کا فیصلہ فرمایا ہے۔

سیکرٹری صاحب انجمن ہانگ کانگ نے اپنے بچوں کو چینی زبان محض اس لیے سکھانی شروع کی ہے کہ وہ چینی میں (دعوت الی اللہ) کر سکیں۔

(الفضل 6 نومبر 1917ء صفحہ 2 کالم 3)

اپنے بچوں کو جہاں دعوت الی اللہ کی اغراض سے چینی زبان سکھا رہے تھے وہاں ان کی تعلیم و تربیت کی طرف بھی آپ کی خوب توجہ تھی اس مقصد کے لیے ان کو قادیان لاتے تا مرکز میں خلیفۃ المسیح سے روحانی فیض حاصل کر سکیں 1922ء میں آپ چند ماہ کے لیے قادیان تشریف لائے وقت روانگی کے متعلق اخبار الفضل لکھتا ہے:

9 جولائی 1922ء بعد نماز مغرب۔ میاں غلام مجتبیٰ صاحب نے معہ اپنے دو بیٹوں کے ہانگ کانگ روانہ ہونے پر حضرت خلیفۃ المسیح سے عرض کیا کہ کچھ نصائح فرمائیں، اس پر حضور نے فرمایا آپ کے بیٹوں کو نصیحت کرنے سے قبل آپ کو نصیحت کرتا ہوں کہ اولاد کی دینی اور دنیوی تربیت کا خاص خیال رکھیں..... آپ کے بچوں کو یہی کہہ دینا کافی ہے کہ وہ آپ کی اطاعت اور آپ کا کہا مانیں۔

(الفضل 17 اگست 1922ء صفحہ 6)

تائید خلافت ثانیہ

حضرت مسیح موعود کی وفات کے بعد جب قدرت ثانیہ یعنی خلافت کا آغاز ہوا تو آپ بھی اس الٰہی انعام کے ساتھ چمٹ گئے اور دربار خلافت کی طرف سے اٹھنے والی ہر آواز پر لبیک کہا۔ 1914ء میں آپ ہانگ کانگ میں ہی تھے کہ آپ کو حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی خبر وفات پہنچی اور ساتھ ہی خلافت سے منہ موڑنے والے بعض احباب کے حالات سے آگاہی ہوئی آپ نے بغیر کسی تردّد کے بیعت خلافت ثانیہ کی اور اس سلسلے میں اپنی ایک رؤیا بھی مرکز کو بھجوائی جس کے ساتھ ہی غیر مبائعین کو بھی دعوت بیعت دی، آپ کی یہ رؤیا اخبار الفضل میں بعنوان ''چین سے ایک شہادت'' کے تحت چھپی ہے:

آج واقعہ 11 فروری ہے اس وقت صبح کے پونے چار بج چکے ہیں کہ میں اُٹھ کر اس خواب کو لکھ رہا ہوں۔ میں نے دیکھا ہے کہ... حضرت مسیح موعود نے جیسے کہ پہلے ہر سال میں ایک دفعہ آسمان پر جایا کرتے تھے آسمان پر جانا ہے تھوڑی دیر تک ہم انتظار کر رہے تھے کہ حضرت صاحب، ایک تار ہے اس کو پکڑ کر آسماں پر چلے گئے ہیں اور تار کا دوسرا سرا زمین پر ہے اوپر تک تار ہمیں نظر آتی ہے اور حضرت صاحب کا وجود نظر نہیں آتا یعنی آسمان کے کنگرے پر ہیں، پہلے تو وہ تار زمین پر ڈھیلی تھی پھر کسی نے ہاتھ لگا دیا اور اوپر کھینچی گئی ہمارے سروں سے اوپر اونچائی میں ایک دیوار کے ساتھ اس کا نیچے کا سرا بندھا ہوا ہے میں نیچے ہوں اور حضرت (اماں جان) اور قریباً دس یا بارہ مرد اور عورتیں اور ہیں، میں سخت روتا ہوں حضرت صاحب کے فراق میں اور دعائیں کرتا ہوں کہ اللہ خیریت سے لائے اور ہم سب آسمان کی طرف دیکھتے ہیں تھوڑی دیر کے بعد کسی نے کہا کہ شخص ظاہر ہوا، سب سے پہلے میں نیچے کھڑا ہو گیا حضرت صاحب ایک لفٹن میں نیچے اُترے (یعنی قدرت ثانی) میں نے اترتے ہی پہلے حضرت صاحب سے مصافحہ کیا، حضرت صاحب نے ہاتھ اٹھا بڑھایا میں نے چوما، آنکھوں سے لگایا اور اپنے بدن پر ملا، حضرت صاحب جلدی سے اندر تشریف لے گئے اور بیٹھ گئے اور میں پاؤں دبانے لگا، حضرت (اماں جان) نے چھوٹے بچوں کو سامنے کیا اور باتیں کرنے لگے، میری آنکھ کھل گئی۔

میری طرف سے اُن صاحبان کی خدمت میں اپنے اخبار ''الفضل'' کے ذریعہ اگر کوئی وجہ مانع نہ ہو تو مندرجہ ذیل سوال بجواب طلب پیش فرماویں۔ سوال یہ ہے حضرت خلیفۃ المسیح خلیفہ اول ...کی زبان مبارک سے یہ کلمہ کہ ''خلیفہ خدا بناتا ہے کسی انسان کا کام نہیں، میں نے درس میں کم سے کم پچاس دفعہ سنا ہے، کیا آپ کا یہ فرمانا غلط تھا یا صحیح؟ اگر صحیح تھا تو منکرین خلافت کو چاہیے کہ فوراً خلیفہ ثانی کی بیعت سے مشرف ہوں کیونکہ جب خلیفہ بنانا خدا کا کام ہے اور خلیفہ مقرر ہو بھی چکا تو کسی کا بالکل کوئی حق نہیں کہ خدا کے ساتھ جھگڑا کرے اگر کرے گا تو ہلاک ہوگا اگر خلیفہ اول کا یہ فرمانا غلط تھا تو اپنے اخباروں یا اشتہاروں کے ذریعہ عام اطلاع دے دیں تا کہ ہر ایک منصف اس پر غور کرے۔ والسلام

خاکسار غلام مجتبیٰ از ہانگ کانگ (چین)

(الفضل 16 مئی 1914ء صفحہ 8 کالم 1,2)

آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے تا دمِ مرگ خلافت سے چمٹے رہے اور اسی تعلقِ وفا میں جان دی۔

مالی قربانیاں

یہ دور مالی قربانیوں کا دور ہے حضرت مسیح موعود نے اس امر کی طرف احباب جماعت کو بہت تلقین فرمائی اور چند ابتدائی ضروری چندوں کی بنیاد ڈالی، آپ کے بعد آپ کے خلفاء وقت کی ضروریات اور جماعتی ترقی کے تقاضوں کے مطابق مختلف مالی تحریکات پیش فرماتے رہے، حضرت قاری صاحب نے ان تحریکات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ سالانہ رپورٹ صدر انجمن احمدیہ قادیان اکتوبر 1910ء تا ستمبر 1911ء صفحہ 84 کے مطابق اس وقت ہانگ کانگ میں صرف 6 کس احمدی تھے آپ ہانگ کانگ کے سیکرٹری مقرر ہوئے، نہایت محنت سے آپ اس خدمت کو بجالاتے رہے۔

1912ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے تعمیر مدرسہ کے لیے ایک لاکھ روپے کی تحریک فرمائی حضرت قاری صاحب نے اس مد میں 51 ڈالر چندہ کا وعدہ فرمایا۔ (ریویو آف ریلیجنز جولائی 1912ء صفحہ 276)

رپورٹ صدر انجمن احمدیہ قادیان ستمبر 1912ء۔ یتامیٰ، زکوٰۃ: اُن احباب کا جنھوں نے ان ہر دو مدات میں چندہ بھیجنے کی طرف توجہ فرمائی ہے شکریہ ادا کیا جاتا ہے ذیل میں صرف پانچ روپے یا اُس سے زیادہ رقوم کا اندراج ہے.... بابو غلام مجتبیٰ صاحب ہانگ کانگ (پانچ روپے) جزاہم اللہ احسن الجزاء۔

(ریویو آف ریلیجنز اکتوبر 1912ء صفحہ 404)

محلّہ دارالسعت قادیان میں تعمیر (بیت) کے لیے چندہ میں آپ نے بھی پانچ روپے حصہ ڈالا۔

(الفضل 7 ستمبر 1935ء صفحہ 10)

آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے 1/10 حصہ کے موصی تھے، 1936ء کی مجلس مشاورت میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے حصہ وصیت میں تین سال کے لیے اضافہ کرنے کی تحریک فرمائی آپ نے حضور کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے 1/9 حصہ کا اضافہ کیا۔ (الفضل 27 نومبر 1936ء صفحہ 9 نمبر 41) خلافت جوبلی فنڈ میں آپ نے -/100 روپے چندہ دیا۔ (الفضل 26 جون 1938ء صفحہ 7)۔ مارچ 1944ء میں جب حضور نے (دین حق) کے لیے اپنی جائدادیں وقف کرنے کی تحریک فرمائی تو حسب سابق جماعت کی ایک کثیر تعداد نے اس میں حصہ لیا، الفضل 23 اپریل 1945ء صفحہ 5 کالم 1 میں 2056 نمبر پر آپ کی دو ماہ کی آمد کے وعدہ کا ذکر ہے۔ اسی طرح آپ کو تحریک جدید کے پانچ ہزاری مجاہدین میں شامل ہونے کا شرف حاصل ہے آپ نے 19 سال تک قاعدے کے مطابق چندہ دیا آپ کا نام پانچ ہزاری مجاہدین میں ''متفرق افراد لاہور'' کے تحت درج ہے۔

قادیان میں رہائش

ہانگ کانگ میں ملازمت سے ریٹائر ہونے کے بعد آپ نے زندگی کے بقیہ ایام قادیان میں گذارنے کا فیصلہ کیا اور قادیان کے محلّہ دارالرحمت میں رہائش اختیار کی، آپ کے دیگر دو بھائی پہلے ہی ایک لمبے عرصے سے قادیان میں رہ رہے تھے۔ ریٹائرمنٹ حاصل کرنے کے بعد بھی آپ قادیان میں فارغ نہیں رہے بلکہ اپنا وقت دینی خدمات میں لگا دیا، محلّہ دارالرحمت قادیان کے صدر رہے، 1937ء میں آپ لوکل انجمن احمدیہ کے جنرل پریذیڈنٹ بھی رہے، اس

کے علاوہ نظارت امور عامہ میں بھی خدمات بجالاتے رہے۔ آپ نے اپنی صدارت محلّہ کے دوران ایک عمدہ اور مثالی نمونہ پیش کیا اور تربیتی امور میں اپنی ذات میں کوئی کمی نہیں آنے دی۔

ایڈیٹر الحکم حضرت محمود احمد عرفانی صاحب دسمبر 1934ء کی ایک صبح کے نظارہ کا احوال بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''حضرت اقدس نے جو مطالبات پیش کیے ہیں محلّہ دارالرحمت نے اس میں خاص نمبر لیا ہے میں اس محلّہ کے معزز ساکنین اور کارکنان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

آج 11/دسمبر کی صبح کو میں نے ایک عجیب اور نہایت دلچسپ نظارہ دیکھا کہ ایک جماعت محلّہ دارالرحمت سے آرہی تھی جس کے آگے آگے قاری غلام مجتبیٰ صاحب پنشنر جو اس محلے کے پریذیڈنٹ ہیں کاندھے پر کدال رکھے آرہے تھے وہ اپنے شاندار اور وجیہ لباس میں کدال رکھے ہوئے مجھے بہت ہی بھلے معلوم ہوتے تھے میں ان کو اور ان کی پارٹی کو دیکھ کر ٹھہر گیا جب وہ میرے پاس پہنچے تو میں نے پوچھا کہ یہ رضا کار کدھر جارہے ہیں؟ تو انھوں نے جواب دیا کہ ہم لنگر خانہ میں جلسہ کی ضروریات کے لیے ایک پختہ چھپر اور کسی قدر پختہ عمارت بنانے کی ضرورت سے جارہے ہیں ان کی اس ہمت اور خدمت کے جوش کو دیکھ کر میرا دل خوشی اور مسرت سے بھر گیا میں خود تھوڑی دیر بعد لنگر خانہ میں گیا تا کہ ان کو کام کرتا دیکھوں وہاں جا کر معلوم ہوا کہ محلّہ دارالرحمت نے حضرت اقدس کی خدمت میں لکھا تھا کہ جلسہ کا پنڈال محلّہ دارالرحمت اپنے ہاتھ سے بنائے گا مگر بعد میں معلوم ہوا کہ پنڈال کا ٹھیکہ دیا جاچکا ہے اس لیے یہ کام ان کے سپرد کیا گیا۔

قاری غلام مجتبیٰ صاحب ایک جماعت کے معزز فرد ہیں سرکاری پنشنر اور اپنے حلقہ کے پریذیڈنٹ ہیں اُنھوں نے اپنا نام مزدوری کی فہرست میں دیا اور وہ لنگر خانہ میں مزدوروں کی جگہ کام کر رہے تھے ان کے ساتھ معماروں، نجاروں اور مزدوروں کی ایک جماعت تھی اور وہ سب اخلاص سے کام کر رہے تھے، میں نے ان کو کام کرتے ہوئے دیکھ کر کہا کہ:

''زندہ باد محلّہ دارالرحمت زندہ باد''

(الحکم 14دسمبر 1934ء صفحہ 11 کالم 2)

وفات وتدفین

تقسیم ملک کے بعد آپ پاکستان آگئے اور زیادہ تر اپنے بیٹے ڈاکٹر عبدالقادر صاحب کے ساتھ فیصل آباد، نارووال، شیخوپورہ اور لاہور میں رہے۔ آپ نے 92سال کی عمر میں 24/اکتوبر 1962ء کو لاہور میں وفات پائی، آپ کو موصی ہونے کا شرف حاصل تھا بعد ازاں بہشتی مقبرہ ربوہ میں قطعہ رفقاء میں دفن ہوئے، آپ کی وفات پر آپ کے بھتیجے قاری محمد امین صاحب محاسب صدرانجمن احمدیہ ربوہ نے یہ اعلان شائع کروایا:

''خاکسار کے چچا قاری غلام مجتبیٰ صاحب (المعروف چینی صاحب) مورخہ 24-10-1962 صبح 7 بجے لاہور میں دل کی تکلیف سے وفات پاگئے......ان کا جنازہ 3 بجے بعد دوپہر ربوہ میں ان کے بیٹے ڈاکٹر عبدالقادر صاحب، داماد ڈاکٹر ہمایوں اختر صاحب لے کر آئے بعد نماز عصر حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد نے باوجود علالت کے نماز جنازہ خود پڑھائی اور کافی دور تک کندھا دیا۔

مرحوم حضرت مسیح موعود کے (رفیق) تھے بوقت وفات عمر 92 سال تھی، 1906ء میں دستی بیعت کے ذریعہ احمدیت قبول فرمائی تھی، مقبرہ بہشتی میں قطعہ (رفقاء) میں دفن کیے گئے......

(الفضل 27/اکتوبر 1962ء صفحہ 8 کالم 4)

بہشتی مقبرہ ربوہ کے قطعہ نمبر 7 کی پانچویں لائن میں پہلی قبر آپ کی ہے، آپ کا وصیت نمبر 770 ہے۔

آپ کی اہلیہ محترمہ حسناء بیگم صاحبہ نے 22 دسمبر 1946ء کو بعمر 50 سال وفات پائی اور بہشتی مقبرہ قادیان میں دفن ہوئیں۔ (الفضل یکم جنوری 1947ء صفحہ 5)

آپ کے دو بیٹے اور پانچ بیٹیاں تھیں، بڑے بیٹے عبداللہ مصطفیٰ صاحب نیروبی کینیا میں کام کرتے رہے، چھوٹے بیٹے مکرم ڈاکٹر عبدالقادر صاحب ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر فیصل آباد رہے ہیں جو 16 جون 1984ء کو اپنے گھر واقعہ پیپلز کالونی فیصل آباد میں مخالفین کے ہاتھوں راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے۔

مکرم میر غلام احمد نسیم صاحب

حضرت صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کی یادیں

1957ء میں خاکسار کی جامعہ احمدیہ کی تعلیم کی تکمیل پر عملی زندگی کا آغاز ہوا تو قرعہ فال بیرون پاکستان دعوت الی اللہ کے لئے سیرالیون، مغربی افریقہ جانے کا نکلا۔ سفر کے لئے ضروری کاغذات کے حصول میں اس زمانہ کے لحاظ سے کافی وقت صرف ہوا۔ سفر کی تیاری مکمل ہونے پر دفتر وکالت تبشیر کی طرف سے ہدایت ملنے پر وکیل التبشیر تحریک جدید حضرت صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب جنہیں اس وقت ہم سب ''میاں مبارک احمد صاحب'' کے نام سے یاد کیا کرتے تھے کی ملاقات کے لئے دفتر وکالت تبشیر میں ان کے کمرے میں حاضر ہوا۔ ان کے دفتر میں کرسی پر بیٹھنے کے بعد گفتگو کا آغاز ہوا تو کچھ ہدایات ونصائح فرمانے کے بعد آپ نے بیرون پاکستان خصوصاً افریقہ میں مشنوں کا ذکر کرتے اور ضروری ہدایات دیتے ہوئے فرمایا کہ مربی انچارج کی ہدایات پر عمل پیرا ہونا نہایت ضروری ہے۔ دفتر وکالت تبشیر عموماً مربی انچارج کی بات کو ہی تسلیم کرتا ہے اور کرے گا۔ کارکردگی کی رپورٹ ماہ بماہ مربی انچارج کے ذریعہ وکالت تبشیر کے دفتر پہنچنی چاہئے۔

دوران گفتگو آپ نے دریافت فرمایا کہ انگریزی زبان سیکھی ہے؟ میں نے جواب میں عرض کیا کہ پنجاب یونیورسٹی سے حال ہی میں بی اے کا امتحان پاس کیا ہے۔ فرمایا بی اے کا امتحان پاس کرنے سے ضروری نہیں کہ زبان پر پوری دسترس حاصل ہو خصوصاً انگریزی زبان میں گفتگو کرنے پر۔ البتہ اس سے انگریزی زبان پڑھنی اور لکھنی کسی قدر آجاتی ہے۔ پھر فرمایا ناول پڑھنے سے عموماً منع کیا جاتا ہے لیکن یہ امتناع بیہودہ اور فحش ناولوں کے لئے ہے۔ اچھی قسم کے ادبی ناول پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ آپ نے ایک انگریزی زبان کی مشہور ادبی ناول نگار جین آسٹن (Jane Austen) کا نام لیا اور فرمایا کہ اس کے تحریر کردہ ناولوں اور اس جیسے دوسرے ادب نگاروں کی کتب کا مطالعہ زبان دانی میں مفید ہے۔ سیرالیون پہنچنے پر آپ کی بتائی ہوئی ناول نگار کی کتب کی تلاش کی۔ بازار میں دستیاب نہ ہونے پر لائبریری کا رخ کیا اور ادبی رنگ پر تحریر شدہ بعض کتب حاصل کیں۔ فارغ اوقات میں مطالعہ کرنے سے اندازہ ہوا کہ عام گفتگو میں استعمال ہونے والی زبان ڈرامہ نگاروں اور شاعروں کی کتب کے مطالعہ کی مرہون منت نہیں بلکہ ادبی رنگ پر لکھی گئی ناولوں پر منحصر ہے۔ کیونکہ ایک ادب کو ملحوظ رکھنے والا ناول نویس کرداروں کی آپس کی گفتگو ایسے انداز میں قلمبند کرتا ہے کہ پڑھنے والا گویا خود اس گفتگو میں شامل ہے۔ یہ گفتگو کبھی باغ میں ہوتی ہے، کبھی گھر میں ہوتی ہے اور کبھی بازار میں اور ایسی گفتگو میں گھر میں یا کچن میں استعمال ہونے والی اشیاء کے نام آتے ہیں۔ باغ کی گفتگو میں پھولوں اور پودوں اور پرندوں وغیرہ کے نام استعمال ہوتے ہیں۔ یہ سب زبان دانی کے لئے مفید ہیں۔

گی آنا روانگی

1966ء کے شروع ہوتے ہی دفتر وکالت تبشیر تحریک جدید کی طرف سے اطلاع موصول ہوئی کہ گی آنا، جنوبی امریکہ، مجھے بطور داعی الی اللہ بھجوانے کا فیصلہ ہوا ہے اور کہ اس سلسلہ میں وکیل التبشیر مرزا مبارک احمد صاحب سے مل کر ہدایات لے لوں۔ چنانچہ وقت مقررہ پر حاضر خدمت ہوا۔ ابتدائی گفتگو کے بعد عرض گزار ہوا کہ مجھے سیرالیون سے واپس وطن آئے دو سال چند ماہ ہوئے ہیں جبکہ قواعد کے مطابق مرکز میں کم از کم تین سال قیام کے بعد دوبارہ بیرون ملک بھجوایا جاتا ہے۔ آپ نے فرمایا یہ بات تو درست ہے لیکن بوقت ضرورت قواعد میں ردوبدل کیا جاسکتا ہے۔ گی آنا میں متعین مربی سلسلہ مکرم بشیر احمد آرچرڈ صاحب کی صحت خراب ہے اور ان کا وہاں مزید قیام ان کی صحت کے لئے مضر ہے۔ میں نے عرض کیا کہ پھر مجھے اپنی فیملی ساتھ لے جانے کی اجازت فرمائیں۔ فرمایا کہ مربیوں کی فیملیز کو ساتھ بھجوانے کے سلسلہ میں تحریک جدید ایک معین لائحہ عمل تیار کرنے پر غور کر رہی ہے اور یہ کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو مسند خلافت پر رونق افروز ہوئے ابھی چند ماہ ہی ہوئے ہیں۔ جلد ہی انشاء اللہ زیر غور معاملہ ایک پیکج کی صورت میں ان کی خدمت میں پیش کر دیا جائے گا۔ فیصلہ تجاویز کے مطابق ہونے کی صورت میں آپ کی فیملی بھجوا دی جائے گی۔ آپ کی اس پُر مغز گفتگو نے مطمئن کر دیا اور میں مئی 1966ء کو ''گی آنا'' روانہ ہوگیا۔

زیمبیا کے لئے تقرر

گی آنا سے اگست 1970ء میں واپس آنے پر جامعہ احمدیہ میں تدریس پر متعین رہا۔ اکتوبر 1975ء کو دفتر وکالت تبشیر سے زیمبیا، وسطی افریقہ، بطور مربی تقرر کا ارشاد موصول ہوا۔ اسی دوران مجھے اطلاع ملی کہ احمدیہ مشن زیمبیا اپنے قیام کے ابتدائی دور سے گزر رہا ہے اور مربی کے قیام اور مشن کے کاموں کی انجام دہی کے لئے کوئی موزوں قیام گاہ موجود نہیں ہے۔ حدیقۃ المبشرین کے سیکرٹری صاحب نے وکیل التبشیر حضرت مرزا مبارک احمد صاحب سے رابطہ کرکے مشن کے پورے حالات بیان کرکے ان سے ہدایات حاصل کرنے کا مشورہ دیا۔ دفتر وکالت تبشیر سے رابطہ کرنے پر معلوم ہوا کہ میاں صاحب ان دنوں دفتر میں بوجوہ تشریف نہیں لاتے البتہ ان کے سیکرٹری کے ذریعہ ان کے گھر پر ان سے ملاقات ہوسکتی ہے۔ اجازت ملنے پر گھر پر حاضر ہوا۔ ساری داستان عرض کی آپ نے فرمایا۔ تحریک جدید کی طرف سے بیرونی ممالک میں مربی کے قیام کے لئے دو رہائشی کمروں پر مشتمل قیام گاہ کے حصول کی اجازت ہے۔ اگر اس وقت وہاں پر قیام پذیر مربی نے ایسی رہائش حاصل نہیں کی تو یہ ان کی اپنی صوابدید ہے۔ آپ وہاں پہنچ کر مناسب قیام گاہ حاصل کرلیں۔ آپ کے اس استدلالی جواب سے میں مطمئن ہوکر زیمبیا کے لئے روانہ ہوگیا۔ وہاں پہنچ کر یہ انکشاف ہوا کہ مربی صاحب نے کیوں کوئی مناسب رہائش گاہ حاصل نہیں کی تھی اور یہ کہ مجھے رہائش حاصل کرنے میں کن کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مختصر یہ کہ ملک کی کرنسی کا ایک سرکاری اور دوسرا کھلی منڈی کا ریٹ تھا جس کی نسبت ایک اور پانچ تھی اور مشن اس وقت بیرون ملک سے اخراجات منگوانے پر مجبور تھا جو ہمیں سرکاری ریٹ پر ہی دستیاب تھے۔ گویا جس رہائش گاہ کا کرایہ یکصد کواچہ (زیمبین کرنسی) مشن کے لئے مقرر تھا وہ پانچ صد کواچے میں دستیاب تھی۔ تاہم دعاؤں اور التجاؤں کے ذریعہ مشکلات آسان ہوگئیں۔ قریباً ایک سال کی مسلسل کوشش کے بعد پینتالیس کواچے کرایہ پر دو رہائشی کمروں کی بجائے تین رہائشی کمروں پر مشتمل قیام گاہ ملنے پر بے اختیار خدا تعالیٰ کے حضور بار بار سجدہ ریز ہونے کی توفیق ملی

☆......☆......☆

اب خدا جانے ......

اب خدا جانے ربوہ میں کب آئیں گے؟
وہ بہاروں کے دن یہ نظاروں کے دن
حسرت و یاس میں گل کھلیں گے کبھی
اپنے پیاروں سے ہم بھی ملیں گے کبھی
اے عزیزان من تم دعائیں کرو
اب خدا جلد لائے بہاروں کے دن
اب خدا جانے ربوہ میں کب آئیں گے

ہے اداسی چمن میں سرِ شام سے
دل مچلتا ہے میرا ترے نام سے
ڈوب کر وسعتِ بحرِ ظلمات میں
کتنی حسرت سے دیکھیں کناروں کے دن
اب خدا جانے ربوہ میں کب آئیں گے

کتنے لفظوں کی میں گل فشانی کروں
کتنے جذبوں کی میں ترجمانی کروں
اب تو میں ہی نہیں بلکہ لاکھوں ہیں جو
اپنے ہاتھوں میں ڈھونڈیں ستاروں کے دن
اب خدا جانے ربوہ میں کب آئیں گے

بام و در کھول کر چشمِ پُرنم لئے
کتنے بازو کھلے حسرتِ غم لئے
شہر خاموش میں اب جئیں نہ مریں
یوں گزرتے ہیں صابرؔ ہزاروں کے دن
اب خدا جانے ربوہ میں کب آئیں گے
وہ بہاروں کے دن یہ نظاروں کے دن

ملک منیر احمد ریحان صابرؔ

تبصرہ کتب

آپ بیتی

دلچسپ اور پُرلطف سچے افسانے

تحریر: حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب
ناشر: شعبہ اشاعت لجنہ اماء اللہ کراچی
مرتبہ: امتہ الباری ناصر صاحبہ
پرنٹر: وائی آئی پریس۔ کراچی

